فوری ریلیز کے لیے: 29/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا سول سروس ایمپلائی ایسوسی ایشن کے ساتھ پانچ سالہ مزدور معاہدہ طے پانے کا اعلان

ریاست کے سرکاری ملازمین کی سب سے بڑی یونینز میں سے ایک، CSEA کے ہمراہ معاہدے سے ریاست نیو یارک کے 55,000 سے زائد ملازمین کا احاطہ ہوتا ہے

معاہدوں میں تنخواہوں میں سالانہ اضافہ، اجرت بمطابق مقام میں اضافہ، اور صحت کی مراعات میں تبدیلیاں شامل ہیں

معاہدہ یونین ممبرشپ کی باضابطہ منظوری سے مشروط

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا ہے کہ ان کی انتظامیہ سول سروس ایمپلائی ایسوسی ایشن (Civil Service Employee Association, CSEA) کے ہمراہ پانچ سالہ مدت کے لیے معاہدے تک پہنچ گئی ہے، جو 1 اپریل 2031 تک جاری رہے گا۔ معاہدہ یونین ممبرشپ کی باضابطہ منظوری سے مشروط ہے، جس میں ریاست نیو یارک کے 55,000 سے زائد ملازمین وسیع نوعیت کے کرداروں میں شامل ہیں۔

"یہ معاہدہ CSEA کے اراکین اور ریاست نیو یارک، دونوں کے ساتھ انصاف کرتا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "یہاں ریاست نیو یارک میں ہم، عوامی خادمین کی اور امپائر اسٹیٹ کو نیو یارک کے تمام تر شہریوں کے لیے رہنے کے قابل بہتر جگہ بنانے کے لیے ان کے عزم کی قدر کرتے ہیں۔ اس معاہدے کو حقیقت کا روپ دینے کے سلسلے میں کام پر، میں CSEA کی قیادت کا شکریہ ادا کرتی ہوں، اور میں ریاست نیو یارک کے لوگوں کے لیے ضروری خدمات مہیا کرنے کی خاطر CSEA کے اراکین کے عزم اور کردار پر ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

CSEA کی صدر Mary E. Sullivan (میری ای سولیوان) نے کہا، "ہم اس منصفانہ معاہدے کے ذریعے CSEA کے اراکین کی جانب سے ریاست کے لیے روزانہ کی جانے والی سخت محنت کو تسلیم کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کو سراہتے ہیں۔ یہ معاہدہ اجرتوں میں بامعنی اضافہ فراہم کرتا ہے اور اُن مالی مشکلات سے نمٹنے میں مدد دیتا ہے جن کا محنت کش لوگ سامنا کر رہے ہیں۔"

معاہدے میں شامل ہے کہ معاہدے کے ہر سال ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے گا۔ معاہدے میں قبل از پیدائش کی بامعاوضہ رخصت، اجرت بمطابق مقام میں اضافہ اور صحت کی انشورنس میں ایسی تبدیلیاں شامل ہیں جو ملازمین کے لیے بعض کو-پیز کے خاتمے اور بیرونِ نیٹ ورک فراہم کنندگان پر انحصار میں کمی لاتے ہوئے قیمتیں کم کرتی ہیں۔

CSEA چار بارگیننگ یونٹس میں ریاست نیویارک کے ملازمین کی نمائندگی کرتی ہے۔ معاہدے کے اتفاق نامے کو CSEA کے رینک اور فائل ممبران کی جانب سے باضابطہ منظوری ملنا ضروری ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں